مدیر کے نام

راجا محمد عاصم، موہری شریف، گجرات

'نبی کریمؐ بحیثیت مدبّر اور ماہرِ سیاست' از سیّد ابوالاعلیٰ مودودی اور 'معلمِ اخلاق' از محمد عنایت اللہ سبحانی (دسمبر ۲۰۱۶ء) میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے سیرت کا جو کردار پیش کیا گیا ہے، اس میں ہمارے لیے اخلاقی، معاشرتی اور سیاسی لحاظ سے بہترین سبق ہے۔ جس پر عمل کر کے ہم اپنی زندگی میں دنیا اور آخرت کے لیے آسانیاں پیدا کر سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان بزرگوں کو اَجرعظیم عطا فرمائے۔ آمین!

حاجی انوار اللّٰہ، مدین، سوات

مولانا مودودی کا مضمون 'نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت مدبّر اور ماہرِ سیاست' (دسمبر ۲۰۱۶ء) ایک بہترین مضمون ہے۔ ہم آج قومی سیاست اور سیاست دانوں پر نظر دوڑاتے ہیں تو اس منارۂ نور سے کچھ بھی نسبت دکھائی نہیں دیتی۔ اللہ تعالیٰ ترجمان کے منتظمین کو اس خدمت پر اجرِعظیم عطا فرمائے، آمین!

عبدالجبار بھٹی، پتوکی

'جمہوریت کو خطرہ ــــــ مگر کس سے؟' (دسمبر ۲۰۱۶ء) میں ملکی حالات کی ایک واضح تصویر پیش گئی ہے۔ 'کلامِ نبویؐ کی روشنی' کے سلسلے میں گزارش ہے کہ احادیث مبارکہ کا عربی متن ضرور ساتھ دینا چاہیے۔ اِس سے کتنے اَحباب، کارکنان جماعت اَور اہل علم حضرات احادیث مبارکہ کا متن یاد کرلیں گے۔ 'سفرِ چین: چند مشاہدات' میں گوادر بندرگاہ کی خوبیاں پڑھ کر حیرت ہوئی کہ خدا نے وطن عزیز کو کیسی کیسی نعمتوں سے نوازا ہے، لیکن ہم لوگ نہ خدا کی امانتوں کی حفاظت کرسکے اَور نہ اُس کی نعمتوں ہی کی قدر کرسکے۔

دانش یار، لاہور

'اشارات' میں ملّت پاکستان کے لیے عقل و دانش اور غوروفکر کا جو سامان مہیا کیا گیا ہے اس نے ہماری مرکز سے ضلعی قیادت تک کے لیے بہت سا لوازمہ بیان وتقریر فراہم کردیا ہے۔ چاہیے یہ کہ سینیٹ، قومی اسمبلی، عدلیہ کے فاضل جج صاحبان اور وکلا کو مطالعے کے لیے اسے بھیجا جائے۔